سوال

(153)آنکھیں بند کرکے نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آنکھیں بند کرکے نماز پڑھنا کیسا ہے؟ خود میری حالت اور دوسرے اشخاص کی بھی یہ ہے کہ جب تک آنکھیں بند نہ کریں خضوع وخشوع پیدا ہی نہیں ہوتا؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

جہاں تک صحیح احادیث وآثار صحابہ پر نظر ہے، متحقق یہ ہے کہ آں حضرت ﷺ اور صحابہ نماز میں آنکھیں بند نہیں رکھتے تھے، آں حضرت ﷺ کے صلوۃ کسوف وغیرہ میں، جدار قبلہ کو دیکھنے کا قصہ مشہور ہے اور صحابہ آپ ﷺ کا حرکات وسکنات پر نظر رکھتے تھے۔ اور ایک ضعیف حدیث میں آنکھ بند کرکے نماز پڑھنے سے منع بھی کیا گیا ہے ''إذا قام أحدکم فی الصلوۃ فلا یغمض عینتیہ، رواہ ابن عدی الاأن فی سندہ من ضعف،، (ردالمختار 1/604-603) قلت: ذکرہذا الحدیث الہیثمی فی مجمع الزوائد 2/83 وقال: ''رواہ الطبرانی فی الثلثة، وفیہ لیث بن أبی سلیم، وہو مدلس وقد عنعنہ،، ہاں اگر نمازی کے سامنے کوئی ایسی چیز ہو جس کے دیکھنے سے نماز میں دل پراگندہ منتشر ہو، آنکھ بند کرنی مکروہ نہیں بلکہ اولیٰ اور بہتر ہے لکمال الخشوع۔ واللہ اعلم۔

کتبہ عبید اللہ المبارکفوری الرحمانی المدرس بمدرسۃ دار الحدیث الرحمانیہ بدہلی

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 1

صفحہ نمبر 242